سوال

(16)جمعة المبارک کی فضیلت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعة المبارک کی فضیلت

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن فرشتہ مسجد کے دروازے پر کھڑے ہوجاتے ہیں۔ اور آنے والوں کو درجہ بدرجہ لکھتے رہتے ہیں۔ سب سے اول آنے والے کی مثال ایسے ہے جیسے کسی نے اونٹ کی قربانی دی ہو اور اس کے بعد آنے والے علی الترتیب گائے، ینڈھا، مرغی اور انڈے کا ثواب پاتے ہیں۔ جب امام خطبہ کے لیے نکلتا ہے۔ تو وہ اپنے دفاتر بند کرکے ذکر اللہ سننے میں مشغول ہوجاتے ہیں۔ (بخاری، مسلم)

تشریح

اس تمثیل سے مراد یا تو یہ ہے کہ جیسے اونٹوں اور گائے کے چرواہوں میں مراتب کا فرق ہے۔ اسی طرح ان میں فرق ہے۔ یا یہ کہ اگر ثواب مجسم ہوں (جیسے قیامت کو ہوں گے) تو پہلے کو اونٹ کا وزن اور دوسرے کو گائے کا ملے گا۔ علی ہذا القیاس۔ یہ فرشتے کراماً کاتبین کے علاوہ ہیں۔ وگرنہ کراماً کاتبین کبھی دفتر بند نہیں کرتے۔

فقط عبدالرشید اظہر

مدرس جامعہ سعیدیہ خانیوال

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 58